5390-اسلامی مواداورذکرپرمشتمل اورق سے خلاصی حاصل کرنا

سوال

بعض اوقات ہمارے پاس اسلامی کاغذات اوراوراق ہوتے ہیں جنہیں ہم تلف کرنا چاہتے ہیں، ان میں بعض اوراق پرانگلش میں آیات قرآنی کا ترجمہ لکھا ہوتا ہے، اور بعض پرلفظ جلالہ انگلش میں لکھا ہوتا ہے، آپ سے گزارش ہے کہ اس سے خلاصی حاصل کرنے کا طریقہ بتائیں.

پسندیدہ جواب

آپ ان اوراق اور کاغذات کو بطورہدیہ کسی اور شخص کو دیکراس سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں تاکہ وہ اس سے فائدہ حاصل کرے، یا پھر آپ ان اوراق کو اسلامی اوراق کے لیے مخصوص کردہ لائبریری یاڈبوں میں رکھ دیں.

اوراگرایسا کرنا مشکل ہویا پھر اوراق اس کام کے لیے نفع مندنہ ہوں توانہیں جلاکریاانہیں کاٹ کرجس سے آیات قرآنی اورلفظ جلالہ چھپ جائے اورپڑھا نہ جائے، یاانہیں زمین میں دفن کرکے تلف کیا جاسکتا ہے، اوراگر کوئی کلمہ باقی رہ جائے تواس میں کوئی حرج نہیں.

اوراس وقت مارکیٹ میں کاغذ کوٹکڑے کرنے کے آلات ملتے ہیں جو کاغذ کو طول وعرض سے کاٹ کر بالکل چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کردیتے ہیں، اورصرف اسی مقصد کے استعمال کیا جاتا ہے، تواسے استعمال کیا جاسکتا ہے.

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو ہرقسم کی خیروبھلائی کے کام کرنے کی توفیق نصیب کرے.

واللہ اعلم.